ثناء میر نے انٹرنیشنل کرکٹ سے بریک لے لی

لاہور،20نومبر 2019ء:

کرکٹر ثناء میر نے انٹرنیشنل کرکٹ سے بریک لینے کا اعلان کردیا ہے۔ ثناء میر ملائیشیا میں انگلینڈ کے خلاف آئی سی سی ویمنز چیمپئن شپ میں شامل ایک روزہ سیریز اور 3 ٹی ٹونٹی میچوں پر مشتمل سیریز میں شرکت نہیں کریں گی۔

ثناء میر:

ثناء میر کا کہنا ہےکہ انہوں نے انٹرنیشنل کرکٹ سے بریک لینے کا فیصلہ کیا ہے۔
خاتون کرکٹر کا کہنا ہےکہ وہ انگلینڈ کے خلاف سیریز کے لیےدستیاب نہیں ہیں۔

انہوں نے کہا کہ انٹرنیشنل کرکٹ سے بریک کے دوران انہیں ایک بار پھر مستقبل کے لیےاہداف ترتیب دینے میں مدد ملے گی۔

ثناء میر نے کہا کہ ان کی نیک خواہشات قومی خواتین کرکٹ ٹیم کے ساتھ ہیں اور انہیں امید ہے کہ پاکستان انگلینڈ کے خلاف سیریزمیں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرے گا۔

قومی خواتین کرکٹ ٹیم کی20 ممکنہ کھلاڑیوں کا 9 روزہ تربیتی کیمپ 21 سے 29 نومبر تک حنیف محمد ہائی پرفارمنس سنٹر کراچی میں جاری رہے گا۔ قومی ویمنز اسکواڈ 30 نومبر کو ملائشیا کے لیے روانہ ہوگا۔

پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان تین ایک روزہ اور تین ٹی ٹونٹی میچوں پر مشتمل سیریز 9 سے 20 دسمبر تک ملائشیا میں جاری رہے گی۔

ایک روزہ اور ٹی ٹونٹی سیریز کے لیے حتمی اسکواڈز کا اعلان 27 نومبر کو کیا جائے گا۔

شیڈول:

9دسمبر: پہلا ایک روزہ میچ، پاکستان بمقابلہ انگلینڈبمقام کنراراکیڈمی اوول (آئی سی
ویمنز چیمپئن شپ)
12دسمبر: دوسرا ایک روزہ میچ، پاکستان بمقابلہ انگلینڈبمقام کنراراکیڈمی اوول (آئی سی
ویمنز چیمپئن شپ)
14دسمبر: تیسرا ایک روزہ میچ، پاکستان بمقابلہ انگلینڈبمقام کنراراکیڈمی اوول (آئی سی
ویمنز چیمپئن شپ)
17دسمبر: پہلا ٹی ٹونٹی میچ، پاکستان بمقابلہ انگلینڈبمقام کنراراکیڈمی اوول
19دسمبر: دوسرا ٹی ٹونٹی میچ، پاکستان بمقابلہ انگلینڈ بمقام کنرارا اکیڈمی اوول
20دسمبر: تیسرا ٹی ٹونٹی میچ ، پاکستان بمقابلہ انگلیند بمقام کنرارا اکیڈمی اوول

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk